نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے آبپاشی کا شیڈول جاری کر دیا

لاہور25 نومبر 2024( ): ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ گندم کی فصل کے لئے بروقت اور مناسب آبپاشی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کے لئے نہایت اہم ہے۔ترجمان کے مطابق آبپاشی کا وقت اس بات پر بھی منحصر ہوتا ہے کہ گندم کی کاشت کس فصل کے بعد کی گئی ہے۔اس کے علاوہ پچھیتی کاشت گندم اور تھل کے علاقوں میں کاشتہ گندم کیلئے آبپاشی کا شیڈول موسمی حالات کے پیشِ نظر بنایا جاتا ہے۔

ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا کہ **کپاس مکئی اور گنے کی کاشت کے بعد** گندم کی کاشتہ فصل میں پہلی آبپاشی شگوفے نکلتے وقت یعنی بوائی کے 20 تا25 دن، دوسری آبپاشی گوبھ کے وقت 80 تا90 دن اور تیسری آبپاشی دانہ بننے کی ابتداء یعنی بوائی کے 125 تا130 دن کے بعد کی جانی چاہیے۔جبکہ **دھان کی فصل کے بعد** گندم کی کاشت کی صورت میں پہلی آبپاشی بوائی کے 35 تا45دن، دوسری آبپاشی گوبھ کے وقت یعنی بوائی کے 80 تا90 دن،اور تیسری آبپاشی بوائی کے125 تا130 دن کے بعد ضروری ہے۔

پچھیتی کاشتہ گندم کو پہلا پانی بوائی کے 25 تا30 دن بعد، دوسری آبپاشی70 تا80 دن بعد جبکہ تیسرا پانی بوائی کے110 تا115 دن بعد کرنی چاہیے۔آبپاشی کا بروقت انتظام گندم کی افزائش کو یقینی بناتا ہے اور فصل کو موسمی تغیرات سے محفوظ رکھتا ہے۔

تھل کے علاقہ جات میں گندم کی فصل کو مقامی موسمی حالات کے پیشِ نظر پہلا پانی بوائی کے 20 تا25 دن بعد، دوسرا پانی فصل کی شاخیں نکلتے وقت یعنی بوائی سے 40 تا45 دن بعد، تیسرا پانی گوبھ کے وقت یعنی بوائی کے 70 تا75 دن بعد، چوتھا پانی پھول بنتے وقت یعنی بوائی کے 90 تا95 دن بعد، پانچواں پانی دانہ بنتے وقت یعنی بوائی کے 110 تا115 دن بعد اور چھٹا پانی دانے بھرتے وقت یعنی بوائی کے 130 تا135 دن بعد کرنی چاہیے

ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ موسمی حالات اور پانی کی فراہمی کو مدنظر رکھتے ہوئے گندم کی فصل میں آبپاشی کا صحیح وقت منتخب کیا جائے تاکہ فصل کو نقصان سے بچایا جاسکے اور پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ کیا جا سکے۔پانی کی مناسب مقدار کے استعمال سے پیداواری لاگت میں کمی اور گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ممکن ہوتا ہے۔

☆☆☆☆